نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

27 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

462/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے مزید امدادی اشیاء کی پاکستان آمد

اسلام آباد (27 اگست 2010ء) ___ تین مال بردار طیارے امریکہ کی جانب سے ہنگامی امدادی اشیاء لے کر گزشتہ روز اسلام آباد پہنچے۔ ان اشیاء میں جان بچانے والی ربڑ کی چالیس زوڈیک کشتیاں، جن میں سے ہر ایک چار سے چھ افراد کو محفوظ مقامات تک پہنچانے کی صلاحیت کی حامل ہے اور پانی صاف کرنے والے سات اضافی موبائل یونٹ شامل ہیں۔

اب تک کی کُل امداد میں امریکہ پانی صاف کرنے کے 13 یونٹ، جو روزانہ 1.3 ملین لیٹر پانی صاف کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور جو 260,000 لوگوں کیلئے کافی ہیں، اور 93,600 افراد کو دس لیٹر حجم والے کین فراہم کر چکا ہے۔

امریکہ اب تک پاکستانی عوام کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر 200 ملین ڈالر امداد کے طور پر فراہم کر چکا ہے۔ حکومت پاکستان کی معاونت کیلئے سیلاب زدگان کی ہنگامی امداد کی امریکی ترجیحات میں دور افتادہ علاقوں تک رسائی اور وہاں امداد پہنچانا، اس بات کو یقینی بنانا کہ سیلاب کی موجودہ ہنگامی صورتحال صحت کا بحران پیدا ہونے سے مزید گمبھیر نہ ہو جائے، اور حکومت امریکہ کے تمام وسائل کا بہتر اور مؤثر استعمال شامل ہے۔

سیلاب کی امدادی کارروائیوں کے حوالے سے پاکستان نیٹ ورک میں شامل ہونے کیلئے نمبر 7111 پر لفظ "FLOODS" ٹیکسٹ میسیج بھیجئے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11-اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800